# بارہ اماموں کے بارے میں اہلسنت کا عقیدہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلاَمُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بارہ امام کون ہیں اوربارہ اماموں کے بارے میں اہلسنیت کیا عقیدہ رکھتے ہیں کیا ہم بارہ اماموں کو امام مانتے ہیں یا شیعہ لوگ؟

سائل:مبارک (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

بارہ اماموں کا عقیدہ اثناعشری شیعہ کا عقیدہ ہے جوکہ باطل ہے ۔شیعہ کے نزدیک بارہ امام یہ ہیں۔ حضرت علی،حسن،حسین،امام زین العابدین،محمد باقر،جعفر صادق،موسیٰ کاظم،علی رضا،محمدتقی،علی تقی،حسن عسکری اورامام مہدی ۔ شیعہ حضرات ان کو معصوم جانتے اور ان کی امامت کو ولایت سے بڑھ کرمانتے ہیں جوکہ ایک باطل عقیدہ ہے ۔جیساکہ سیدی اعلی حضرت امام اہلسنت امام احمدرضاخان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ شریف میں اسی طرح کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

امامت اگربمعنی مقتدٰی فی الدین ہونے کے ہے توبلاشبہہ ان کے غلام اورغلاموں کے غلام مقتدٰی فی الدین ہیں، اوراگر اصطلاح مقامات ولایت مقصود ہے کہ ہر غو ث کے دووزیرہوتے ہیں عبدالملک و عبدالرب، انہیں امامین کہتے ہیں، توبلاشبہہ یہ سب حضرات خود غوث ہوئے۔ اوراگرامامت بمعنی خلافت عامہ مرادہے تووہ ان میں صرف امیرالمومنین مولٰی علی وسیدناامام حسن مجتبٰی کوملی اوراب سیدنا امام مہدی کوملے گی وبس رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین، باقی جومنصب امامت ولایت سے بڑھ کرہے وہ خاصہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہے جس کوفرمایا" قَالَ اِنِّیۡ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ میں تمہیں لوگوں کاپیشوا بنانے والاہوں۔(البقرۃ :124)

وہ امامت کسی غیرنبی کے لئے نہیں مانی جاسکتی۔

اَطِیۡعُوا اللہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَ اُولِی الۡاَمْرِ مِنۡکُمْ "حکم مانو اللہ کا اورحکم مانورسول اللہ کااوران کا جوتم میں حکومت والے ہیں۔(النساء :59)

ہرغیرنبی کی امامت اولی الامرمنکم تک ہے جسے فرمایا: وَجَعَلْنٰہُمْ اَئِمَّۃً یَّہۡدُوۡنَ بِاَمْرِنَا اورہم نے انہیں امام کیاکہ ہمارے حکم سے بلاتے ہیں۔

مگر اطیعوا الرسول کے مرتبے تک نہیں ہوسکتی اس حد پرماننا جیسے روافض (شیعہ)مانتے ہیں صریح ضلالت وبے دینی ہے۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالٰی عنہ تک توبلاشبہہ یہ حضرات مجتہدین وائمہ مجتہدین تھے، اورباقی حضرات بھی غالباً مجتہد ہوں گے۔

(فتاوی رضویہ ج26 ص430)

مفتی احمدیارخان نعیمی علیہ الرحمۃایک حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ اس حدیث سے شیعہ اپنےبارہ امام ثابت کرتے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

علی،حسن،حسین،امام زین العابدین،محمد باقر،جعفر صادق،موسیٰ کاظم،علی رضا،محمدتقی،علی تقی،حسن عسکری،آخر میں امام مہدی کہ یہ حضرات خلفاء برحق ہیں یعنی مستحق خلافت اگرچہ ان میں سے اکثر بظاہر خلیفہ نہ ہوئے۔
(مرآت المناجیح ج 8ص228)

اور ایسےہی مرقات میں ملاعلی قاری علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں : **"وَقِيلَ: الْمُرَادُ بِاثْنَيْ عَشَرَ أَنْ يَكُونُوا مُسْتَحِقِّي الْخِلَافَةِ مِنَ الْعَادِلِينَ، وَقَدْ مَضَى مِنْهُمْ مَنْ عُلِمَ، وَلَا بُدَّ مِنْ تَمَامِ هَذَا الْعَدَدِ قَبْلَ قِيَامِ السَّاعَةِ.قُلْتُ: وَقَدْ حَمَلَ الشِّيعَةُ الِاثْنَيْ عَشَرَ عَلَى أَنَّهُمْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النُّبُوَّةِ مُتَوَالِيَةً أَعَمُّ مِنْ أَنْ تَكُونَ لَهُمْ خِلَافَةٌ حَقِيقَةً أَوِ اسْتِحْقَاقًا"**
**(مرقات المفاتیح ج9 ص 3864)**

اور مزید مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ اپنی کتاب علم القرآن میں لکھتے ہیں اثنا عشری شیعہ: اس فرقہ کی پیدائش بارہ اماموں کے وقت سے ہوئی کیونکہ اثنا عشر کے معنی ہیں بارہ امام، جب بارہ امام پیدا ہوئے تو یہ فرقہ ظہور میں آیا اس لئے اس کی عمر تقریبا گیارہ سو برس ہے یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے تین سو سال بعد میں ہوا، خیال رہے کہ ان شیعہ کے عقیدہ میں امام مہدی پیدا ہوچکے ہیں جو قرآن لے کر چھپ گئے ہیں قریب قیامت آئیں گے ۔
(علم القرآن ص223)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date:8-9-2018

QASIM ZIA

**The belief of the Ahl al-Sunnah regarding the twelve Imāms**

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: Who are the twelve Imāms, what is the belief of the Ahl al-Sunnah regarding them. Do we believe in the twelve Imāms, or do Shī'as?**

Questioner: Mubaarak from England

**ANSWER:**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

The belief of the twelve Imāms is an "Ithnā-'ashariyyah" [twelver] Shī'ah[1] belief, which is false. According to Shī'ahs, the twelve Imāms are as follows:

1. Sayyidunā 'Alī

2. Imām Hasan

3. Imām Husayn

4. Imām Zayn al-'Ābidīn

5. Imām Muhammad Bāqir

6. Imām Ja'far Sādiq

7. Mūsā Kāzhim

8. 'Alī Ridā

9. Muhammad Taqī

10. 'Alī Taqī

11. Hasan 'Askarī

12. Imām Mahdī

QASIM ZIA

---

[1] A branch of Shī'ahs who believe in twelve divinely ordained leaders.

Shī’ahs believe them to be infallible [i.e. impossible for them to commit sin], and they regard their Imāmah [leadership] to be greater than Wilāyah [sainthood], which is a false belief. Just as Sayyidī A’lā Hadrat Imām Ahmad Ridā Khān, upon whom be infinite mercies, replying to a similar question which was asked, states that if Imāmah is in the meaning of being followed in the matter of religion, then without doubt their devotees and the devotes of their devotees are followed in religion [so imagine the Imāms themselves - meaning if the devotees of the Imāms are being followed, then the Imāms would definitely be followed]. If it refers to the terminology of sainthood, in the sense that there are two ministers for every Ghawth[2]- ‘Abdul Malik & ‘Abdur Rab; they are known as the two Imāms - so without doubt, all of these respected personalities are all Ghawths in their own right. If by Imāmah it means general khilāfah [caliphate], then only the Leader of the believers - Mawlā ‘Alī - and Sayyidunā Imām Hasan al-Mujtabā were given this, and now only Imām Mahdī will be given it, may Allāh Almighty be pleased with them all. As for anyone else who is above the rank of Imāmah [caliph] & sainthood, this is a speciality of Prophets, upon whom be infinite peace, blessings & salutations], to whom it was stated,

{قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا}

{He (Allāh) said ‘I am about to make you a leader of the people’}

QASIM ZIA

[Sūrah al-Baqarah, 124]

One cannot believe this Imāmah to be for non-Prophets.

{اَطِیْعُوا اللہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ}

{Obey Allāh, and the Messenger, and those amongst you who have the power of command}

[Sūrah al-Nisā’, 59]

The [limit of] Imāmah for every non-Prophet is until those who have power of command, to whom it was stated,

{وَجَعَلْنٰہُمْ اَئِمَّۃً یَّہْدُوْنَ بِاَمْرِنَا}

---

[2] In the meaning they are an Imām i.e. followed in the matter of sainthood, just as a Ghawth is.

{And We made them leaders; that they call by Our command}

However, it cannot reach the rank of obeying Messengers. Believing it to be of this rank, just as the Rafdīs (Shī'ahs) believe, is of extreme misguidance and irreligiousness. The blessed personalities up until Imām Ja'far Sādiq, may Allāh Almighty be pleased with him, are all, without doubt, mujtahids & Imāms of ijtahād, and the remaining personalities are most likely to be mujtahids as well.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 26, pg 430]

Muftī Ahmad Yār Khān Na'īmī, upon whom be mercy, writes in the explanation of a Hadīth, stating that Shī'ahs attempt to prove their twelve Imāms from the aforementioned Hadīth. They are as follows: Sayyidunā 'Alī, Imām Hasan, Imām, Husayn, Imām Zayn al-'Ābidīn, Muhammad Bāqir, Ja'far Sādiq, Mūsā Kāzhim, 'Alī Razā, Muhammad Taqī, Hasan 'Askarī & concluding with Imām Māhdī. In the sense that [Shī'ahs state that] these personalities are the true caliphs, in other words, they are worthy & deserving of caliphate, even though the majority of them were not caliphs in apparent form.

QASIM ZIA

[Mir'āt-ul-Manājīh, vol 8, pg 228]

Mullā 'Alī al-Qārī, upon whom be mercy, states likewise in Mirqāt,

وَقِيلَ: الْمُرَادُ بِاثْنَيْ عَشَرَ أَنْ يَكُونُوا مُسْتَحِقِّي الْخِلَافَةِ مِنَ الْعَادِلِينَ، وَقَدْ مَضَى مِنْهُمْ مَنْ عُلِمَ، وَلَا بُدَّ مِنْ تَمَامِ هَذَا" الْعَدَدِ قَبْلَ قِيَامِ السَّاعَةِ.قُلْتُ: وَقَدْ حَمَلَ الشِّيعَةُ الْإِثْنَيْ عَشَرَ عَلَى أَنَّهُمْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النُّبُوَّةِ مُتَوَالِيَةً أَعَمُّ مِنْ أَنْ تَكُونَ لَهُمْ "خِلَافَةٌ حَقِيقَةً أَوِ اسْتِحْقَاقًا

[Mirqāt al-Mafātīh, vol 9, pg 3864]

In addition, Muftī Ahmad Yār Khān Na'īmī, upon whom be mercy, writes in his book 'Ilm-ul-Qur'ān that, Ithnā-'ashariyyah Shī'ah: The formation of this group was at the time of the twelve Imāms, because the meaning of Ithnā-'asharah is twelve Imāms. When the twelve Imāms came into existence, then this sect came about, which is why it has existed for approximately 1100 years - in other words, it came about 300 years after the era of the Noble Prophet ﷺ. One should bear in mind that these Shī'ahs believe that Imām Mahdī has already been born, who

has taken the Qur’ān and is in hiding, and will appear [i.e. make himself apparent] near the Day of Judgement.

[‘Ilm-ul-Qur’ān, pg 223]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali

QASIM ZIA